سروس حلال مارگیج کے ساتھ اپنے گھر کے مالک بنیں

اپنا گھر خریدنے کے لیے ایک متبادل مالیاتی طریقہ

سروس حلال

سروس حلال، جو 2025 میں شروع کیا گیا، متبادل مالیاتی مصنوعات فراہم کرتا ہے، جن میں حلال مارگیجز بھی شامل ہیں۔ سروس کریڈٹ یونین لمٹیڈ کی مکمل ملکیتی ذیلی کمپنی کے طور پر، ہماری تمام مصنوعات *کینیڈین اسلامک فنانس بورڈ* سے تصدیق شدہ ہیں۔[1]

حلال مارگیج کیا ہے؟

حلال مارگیج روایتی سود پر مبنی گھریلو فنانسنگ کے مقابلے میں ایک متبادل مالیاتی طریقۂ کار ہے۔ سود وصول کرنے کے بجائے، اس طریقۂ کار میں لاگت کے ساتھ طے شدہ منافع شامل کیا جاتا ہے۔ حلال مارگیج اسلامی مالیات کے اصولوں کے مطابق تصدیق شدہ ہوتا ہے۔

سروس حلال مارگیج کیسے کام کرتا ہے؟

سروس حلال فروخت کنندہ سے گھر خریدتا ہے اور اسے مرابحہ معاہدے کے تحت آپ کو دوبارہ فروخت کرتا ہے۔ اس قیمت میں اصل لاگت کے ساتھ سروس حلال کے لیے طے شدہ منافع بھی شامل ہوتا ہے۔ 25 سالہ ادائیگی کا منصوبہ آپ کو ایک طے شدہ ادائیگیوں کی سہولت اور آپ کے مارگیج کی مجموعی لاگت پر مکمل شفافیت فراہم کرتا ہے۔

خصوصیت	تفصیل
قابل رسائی	البرٹا میں پراپرٹی خریدنے کے خواہشمند تمام افراد کے لیے قابلِ رسائی نوٹ: سروس حلال کے کسٹمرز کے لیے سروس کریڈٹ یونین لمٹیڈ کا رکن ہونا لازمی نہیں ہے۔ سروس حلال کی طرف سے بیچی جانے والی پروڈکٹس کے منافع میں حصہ داری کے اہل نہیں ہیں۔
مارگیج اور ادائیگی کی مدت (امارٹائزیشن)	25 سال
پیشگی ادائیگی	پراپرٹی کی قیمت کا کم از کم 20% درکار ہے۔
قابلِ قبول پراپرٹی کی اقسام	یہ پروڈکٹ پہلے سے زیر-ملکیت پراپرٹیز کے لیے دستیاب ہے۔ (نئی تعمیر شدہ یا تقریباً مکمل ہونے والی پراپرٹیز اس میں شامل نہیں ہیں۔)
منافع کی شرح	منافع کا شمار مارگیج کی پوری مدت کے دوران ایک طے شدہ منافع کی شرح کا استعمال کرتے ہوئے کیا جاتا ہے۔
انشورنس	پراپرٹی انشورنس کا ہونا ضروری ہے۔

servus halal

[1] کینیڈین اسلامک فنانس بورڈ (CIFB) ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے جس میں پورے کینیڈا کی متعدد مساجد کی نمائندگی شامل ہے۔

درخواست دینے کا طریقۂ کار (ان مراحل کو ترتیب وار طریقے سے مکمل کریں)

1. شروع کریں

پیشگی منظوری کی چیک لسٹ اور مرحلہ وار رہنمائی کا جائزہ لینے کے لیے ServusHalal.ca ملاحظہ کریں۔ یہ ٹولز آپ کو تیاری کرنے اور عمل کو سمجھنے میں آسانی فراہم کرتے ہیں۔

2. ہم سے رابطہ کریں

جب آپ پیشگی منظوری کی چیک لسٹ میں درج سرگرمیوں کو مکمل کر لیں اور مطلوبہ دستاویزات کو جمع کر لیں، تو ہمیں info@servushalal.ca پر ای میل کریں تاکہ آپ کو سروس حلال کے مالی مشیر سے منسلک کیا جا سکے، جو آپ کے ساتھ پیشگی منظوری کی میٹنگ طے کرے گا۔

3. پیشگی منظوری کی میٹنگ

آپ کی ملاقات کے دوران، ہم آپ کی آمدنی، کریڈٹ ہسٹری اور پیشگی ادائیگی کا جائزہ لیں گے۔ اگر منظوری مل گئی تو آپ کو مارگیج کی پیشگی منظوری حاصل ہو جائے گی۔

شرائط:

- کم از کم 20% پیشگی ادائیگی (مثلاً $500,000 کے گھر کے لیے $100,000)۔
- درخواست دینے سے قبل پیشگی ادائیگی کی رقم کم از کم 90+ دنوں تک کسی کینیڈین مالیاتی ادارے میں موجود ہونی چاہیے۔
- تحفے کے طور پر حاصل شدہ رقم قبول کی جا سکتی ہے، لیکن اس کے لیے اضافی دستاویزات درکار ہوں گے۔

4. پیشگی منظوری کی ملاقات والے دستاویزات

تمام درخواست دہندگان کو آنا ہوگا اور یہ چیزیں اپنے ساتھ لانی ہوں گی:

- حکومت کی جانب سے جاری کردہ دو مستند شناختی دستاویزات (مثلاً ڈرائیونگ لائسنس، کینیڈین پاسپورٹ، مستقل رہائشی کارڈ)۔
- موجودہ پتہ (اور اگر موجودہ پتے پر قیام 3 سال سے کم عرصے کا ہے تو سابقہ پتہ بھی)۔
- موجودہ ملازمت کی تفصیلات (مثلاً آجر کا پتہ، فون نمبر)۔
- سابقہ ملازمت کی تفصیلات (اگر موجودہ ملازمت کی مدت 2 سال سے کم ہو)۔
- قابلِ تصدیق آمدنی کے ذرائع (مثلاً تنخواہ کی سلپ، ملازمت کا خط، ڈائریکٹ ڈیپازٹ ظاہر کرنے والا بینک اسٹیٹمنٹ، انویسٹمنٹ اسٹیٹمنٹ)۔
- اگر ذاتی روزگار ہو: گزشتہ 2 سال کے ٹیکس ریٹرنز کی نوٹس آف اسیسمنٹ اور T1 جنرل۔
- تمام درخواست دہندگان کے سوشل انشورنس نمبرز
- پیشگی ادائیگی کی تصدیق 90 دن کی ہسٹری کے ساتھ (مثلاً بینک/انویسٹمنٹ اسٹیٹمنٹس، گفٹیڈ فنڈز)۔

نوٹ: آپ کی صورتحال کے مطابق اضافی دستاویزات درکار ہو سکتی ہیں۔

5. اپنا گھر منتخب کریں

- کسی ریئلٹر کے ساتھ کام کریں یا خود تلاش کر کے ایک موزوں گھر ڈھونڈیں۔
- پراپرٹی کے انتخاب کے فوراً بعد اپنے سروس حلال کے مالی مشیر کو مطلع کریں تاکہ سروس حلال مارگیج فنانسنگ کے لیے گھر کی اہلیت کی تصدیق کی جا سکے۔
- اس کے بعد ہم ضروری فنانسنگ کے مراحل کو ترتیب دیں گے۔

6. سروس حلال آفر پیش کرتا ہے

سروس حلال آپ کے ساتھ مل کر اس پراپرٹی کو خریدتا ہے، جسے بعد میں مرابحہ معاہدے کے تحت آپ کو دوبارہ فروخت کر دی جاتی ہے۔

7. پیشکش کی قبولیت اور عہد بندی

فروخت کنندہ کے ذریعہ مشروط پیشکش قبول کر لینے کے بعد، آپ اپنی عہد بندی کی تصدیق کرتے ہیں:

- سروس حلال کی مرابحہ فنانسنگ کے ساتھ آگے بڑھنے پر رضامندی ظاہر کرتے ہوئے لیٹر آف انٹینٹ (خط برائے رضامندی) پر دستخط کریں۔
- اپنی خریداری کی ڈیپازٹ رقم فراہم کریں (جو کہ کم از کم 20% پیشگی ادائیگی کے برابر ہوتی ہے(، جسے وکیلوں کے پاس ٹرسٹ میں رکھا جائے گا۔

8. ضروری جانچ پڑتال

- پراپرٹی کی قدر کا تعین: ایک پیشہ ورانہ جائزہ جو پراپرٹی کی منصفانہ مارکیٹ ویلیو کی تصدیق کرے۔
- پراپرٹی کا معائنہ: ایک پیشہ ورانہ پراپرٹی کا معائنہ جو اس بات کی تصدیق کرے کہ گھر فنانسنگ کے لیے موزوں ہے اور کسی بھی مسئلے سے پاک ہے۔

نوٹ: پراپرٹی کی قدر کا تعین (اپریزل) اور معائنہ آپ کی سرمایہ کاری کی حفاظت کرتے ہیں اور فنانسنگ کے لیے اہلیت کو یقینی بناتے ہیں۔ اگر پراپرٹی تمام شرائط پر پوری اترتی ہے تو آپ ہمیں کارروائی کو آگے بڑھانے کی ہدایت دیتے ہیں۔

9. خریداری کو حتمی شکل دینا اور ملکیت کی منتقلی کو مکمل کرنا

- سروس حلال گھر کا قبضہ حاصل کر لیتا ہے۔
- آپ حتمی کاغذی کارروائی کو مکمل کریں گے، اور گھر باضابطہ طور پر آپ کا ہو جائے گا۔

10. مبارک ہو! اب آپ گھر کے مالک ہیں!

- پراپرٹی کا قبضہ حاصل کرنے کے ایک ماہ کے اندر آپ کی ماہانہ ادائیگیاں شروع ہو جائیں گی۔
- مرابحہ معاہدے کے تحت ادائیگیاں 25 سال کی پوری مدت کے دوران مقرر رہتی ہیں۔

کیا آپ اہل ہیں؟

پیشگی منظوری کی چیک لسٹ کو ServusHalal.ca پر ملاحظہ کریں

servus halal

© کاپی رائٹ 2025-2026